سوال

ماں کو پیار کی نظر دیکھنا حج مبرور کا ثواب

جواب

سوال : السلام علیکم کیا والدہ کے چہرے کو پیار کی نظر سے دیکھنے سے حج مبرور کا ثواب ملتا ہے ؟

جواب : ایک ایسی روایت ہمارے ہاں معاشرے میں بہت عام ہے جس کے مطابق والدین کو شفقت کی نگاہ سے دیکھنے پر مقبول حج کا ثواب ملتا ہے اور اگر ۱۰۰ مرتبہ دیکھے تو ۱۰۰ حج کا ثواب ملتا ہے لیکن یہ روایت منکر اور موضوع ہے۔ روایت کے الفاظ ہیں :

أخبرنا أبو منصور أحمد بن علي الدامغاني وأبو الحسن علي بن عبد الله البيهقي قالا : نا أبو بكر الإسماعيلي نا أبو جعفر أحمد بن الحسين الحذاء نا محمد بن حميد نا زافر بن سليمان نا المستلم بن سعيد عن الحكم ابن أبان عن عكرمة عن ابن عباس : أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : ما من ولد بار ينظر نظرة رحمة إلا كتب الله بكل نظرة حجة مبرورة قالوا وإن نظر كل يوم مائة مرة ؟ قال : نعم الله أكبر وأطيب ۔ (شعب الایمان للبیهقی، باب الخامس والخمسون من شعب الإيمان وهو باب في بر الوالدين)

اس روایت کو امام ذہبی رحمہ اللہ نے 'منکر' اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے 'موضوع' قرار دیا ہے۔ تفصیل کے لیے لنک ملاحظ فرمائیں :